# Joint Press Release of the 14th round of India-China Corps Commander Level Meeting

January 13, 2022

## ہندوستان- چین کور کمانڈر سطح کی میٹنگ کے 14ویں دور کی مشترکہ پریس ریلیز

13 جنوری 2022

ہندوستان- چین کور کمانڈر سطح کی میٹنگ کا 14 ویں دور 12 جنوری 2022 کو چین کے جانب چشول- مولڈو بارڈر میٹنگ پوائنٹ پر منعقد ہوا۔ اس میٹنگ میں دونوں اطراف کے دفاعی اور خارجہ امور کے اداروں کے نمائندے موجود تھے۔ دونوں فریقین نے مغربی سیکٹر میں ایل اے سی کے پاس متعلقہ مسائل کے حل کے لیے کھل کر اور گہرائی سے خیالات کا تبادلہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں فریقین کو ریاستی قائدین کی طرف سے فراہم کردہ رہنمائی پر عمل کرنا چاہئے اور بقیہ مسائل کو جلد از جلد حل کرنے کے لئے کام کرنا چاہئے۔ یہ نوٹ کیا گیا کہ اس سے مغربی سیکٹر میں ایل اے سی پر امن وسکون کی بحالی میں مدد ملے گی اور دوطرفہ تعلقات میں پیشرفت ممکن ہوگی۔ دونوں فریقین نے گزشتہ نتائج کو مستحکم کرنے اور مغربی سیکٹر بشمول موسم سرما کے دوران سلامتی اور استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے موثر کوششیں کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ دونوں فریقوں نے قریبی رابطے میں رہنے اور فوجی اور سفارتی ذرائع سے بات چیت کو برقرار رکھنے اور بقیہ مسائل کے جلد از جلد ایک باہمی طور پر قابل قبول حل پر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ اس تناظر میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ کمانڈرز کے مذاکرات کا اگلا دور جلد از جلد منعقد کیا جائے۔

**نئی دہلی**

**13 جنوری، 2022**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.